suzy lamplugh trust

LIVE LIFE SAFE

NATIONAL STALKING HELPLINE

0808 802 0300

لندن اسٹالکنگ کی معاونتی سروس

لندن کے شہریوں کے لیے وکالت کی معاونت

0300 802 0808

لندن کے لیے '2' دبائیں یا مندرجہ ذیل ملاحظہ کریں

https://www.suzylamplugh.org

ہم آپ کی بات سنتے ہیں۔
آپ کی آواز سے فرق پڑتا ہے۔

فنڈ کردہ منجانب

MOPAC

MAYOR OF LONDON
OFFICE FOR POLICING AND CRIME

suzy lamplugh trust LIVE LIFE SAFE

NATIONAL STALKING HELPLINE
0808 802 0300

وکالت کیا ہے؟

ہم سب جانتے ہیں کہ جب ہم دوسروں سے معاونت کے طلب گار ہوتے ہیں لیکن وہ لوگ ہماری بات نہیں سن رہے ہوتے تو یہ کتنی حوصلہ شکن بات ہوتی ہے! جیسا کہ اسٹالکنگ ایک ٹھیک طرح سے نہ سمجھا جانے والا، پیچیدہ جرم ہے، بدقسمتی سے، اسٹالکنگ کے ستم زدہ کے طور پر یہ بات مشکل ہے کہ آپ کی پریشانی کو لوگوں، بشمول پولیس یا صحت کی سروسز کی جانب سے سنجیدگی سے لیا جائے۔
ایسا ہو سکتا ہے کہ آپ کو وہ مواقع اور انتخابات حاصل نہ ہو رہے ہوں جن کی آپ کو توقع ہے۔ اس کے ساتھ نمٹنا بہت مشکل اور خوف کا باعث ہو سکتا ہے۔
لیکن ہر ایک کو محفوظ رہنے اور محفوظ محسوس کرنے کا حق حاصل ہے اور بطور وکلاء، ہم آپ کو اولین ترجیح دیتے ہیں۔ ہم آپ کی آواز سنتے ہیں اور آپ کی آواز کی سنوائی میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔ وکیل وہ شخص ہوتا ہے جو آپ کے حق میں لڑتا ہے۔ ہم تجربہ کار ماہرین ہیں جو آپ کے حقوق کے تحفظ کے لیے کام کرتے ہیں، یہ یقینی بناتے ہوئے کہ آپ کے تحفظ کی ذمہ داری پر معمور ہر شخص اپنی ذمہ داری نبھائے۔
اس کا مطلب یہ یقینی بنانا ہے کہ پولیس، NHS، سوشل سروسز، ہاؤسنگ، آپ کا اسکول یا آپ کا ملازمت فراہم کنندہ وہ سب کچھ کر رہے ہیں جو انہیں آپ کو اسٹالکنگ سے محفوظ رکھنے کے لیے کرنے کی ضرورت ہے۔

وکالت کیسے 'کام کرتی ہے'؟

یہ یقینی بنانا کہ پولیس اسٹالکنگ کے کیسز کی تفتیش کرے، ثبوت اکٹھے کرے، اور مناسب حفاظتی احکامات کا اطلاق کرے

- آپ کے حالات کے خطرے کی جانچ اور آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے منصوبے بنانا
- پولیس، سوشل سروسز، ہاؤسنگ یا آپ کے آجر کے سامنے آپ کی آواز کی نمائندگی کرنا
- آپ کے ساتھ عدالت جانا
- ضرورت کے مطابق آپ کو معاونت کی دیگر اقسام کے ساتھ مربوط کرنا

MOPAC | MAYOR OF LONDON OFFICE FOR POLICING AND CRIME